

## قولون کے کینسر کی اسکریننگ سے متعلق حقائق نامہ

**جانچ کی قسم:** **ملٹی ٹارگیٹ اسٹول DNA ٹیسٹ (MULTI-TARGET STOOL DNA TEST, FIT-DNA)**

کسی کو بھی قولون کا کینسر ہو سکتا ہے۔ یہ تمام نسل اور نسلی گروپوں کے لوگوں کو متاثر کر سکتا ہے۔ معمول کی اسکریننگ کینسر کا بروقت پتہ لگانے میں آپ کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کی مدد کر سکتی ہے، تب ان کا علاج کرنا آسان تر ہوتا ہے۔ اسکریننگ قولون میں رسولی یا خلاف معمول افزائش کا پتہ لگا کر اور اس کو نکال کر کینسر کو روکنے میں مدد کر سکتی ہے۔

اسکریننگ کے لیے جانچ کے مختلف اختیارات موجود ہیں۔ اپنے فراہم کنندہ سے بات کرکے آپ کے لیے درست جانچ کا انتخاب کروائیں۔

**کون؟** قولون کے کینسر کے اوسط خطرے میں مبتلا بالغان FIT-DNA کروا سکتے ہیں جو ایک مشترک فیسل امیونو کیمیکل ٹیسٹ اور DNA ٹیسٹ ہے۔ اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے اپنے خطرے اور کس عمر میں اسکریننگ شروع کی جائے اس بارے میں بات کریں۔ اگر آپ کو قولون کے کینسر کا زیادہ خطرہ ہے تو آپ کو پہلے ہی اسکریننگ کروانی پڑ سکتی ہے یا ہو سکتا ہے یہ جانچ آپ کے لیے درست نہ ہو۔ جانچ کا انتخاب کرنے سے پہلے اپنے فراہم کنندہ سے اپنی طبی اور کنبہ جاتی طبی سرگزشت پر گفتگو کریں اور اگر آپ کو خطرے کے ان عوامل میں سے کوئی درپیش ہے تو انہیں بتائیں:

- قولون کے کینسر یا کینسر زا رسولی کی سرگزشت
- قولون کے کینسر یا کینسر زا رسولی والے والدین، سگے بھائی بہن، یا بچہ
- فیمیلیئل ایڈینومیٹس پولیپوسس (familial adenomatous polyposis, FAP) یا موروثی نان پولیپوپسس کولوریکٹل کینسر (hereditary nonpolyposis colorectal cancer, HNPCC)، جس کو لینچ سنڈروم بھی کہا جاتا ہے
- السر زا قولون یا کروہن کا مرض

**کیا؟** FIT-DNA پاخانے (فضلہ) پر مبنی جانچ ہے۔ لیب میں ہونے والے تجزیے میں پاخانے (فضلہ) میں خون کی نشانیوں پر اور خلاف معمول DNA پر نگاہ ڈالی جاتی ہے جو کینسر یا رسولی کی نشانی ہو سکتی ہے۔

**کب؟** یہ جانچ ہر تین سال پر ایک بار ہوتی ہے۔ اگر نتائج خلاف معمول ہوں تو آپ کو اس کے بعد جلد ہی فالو اپ قولونو اسکوپی درکار ہوگی۔

**کہاں؟** آپ یہ جانچ گھر پر کرتے ہیں۔

**کیوں؟** FIT-DNA سے قولون اور مقعد کے کینسر کی نشانیوں کا پتہ چلتا ہے۔ اس سے کچھ رسولیوں کا بھی پتہ لگ سکتا ہے، یہ ایسی افزائشیں ہوتی ہیں جو آگے چل کر کینسر بن سکتی ہیں۔

**کیسے؟** آپ کو ڈاک میں ایک کٹ نیز کٹ کنٹینر میں ایک پوری رفع حاجت اکٹھا کرنے کے طریقے سے متعلق ہدایات ملیں گی۔ آپ کٹ کے ساتھ فراہم کردہ ٹیوب میں تھوڑا سا نمونہ اکٹھا کریں گے اور محفوظ رکھنے والا مائع کٹ کنٹینر میں انڈیلیں گے اور مضبوطی سے بند کریں گے۔ آپ کٹ اور نمونے کو تجزیے کے لیے لیب کو میل کریں گے۔ آپ کا فراہم کنندہ جانچ کے نتائج کی معنویت پرآپ سے گفتگو کرے گا۔

**کیا جانچوں میں خطرات ہیں؟** اس جانچ میں بعض خطرات ہیں۔ آپ جانچ کے نتیجے کے بارے میں فکرمند ہو سکتے ہیں۔ بعض اوقات FIT-DNA سے کینسر کا برقت پتہ لگانے میں مد ملتی ہے۔ دوسرے اوقات میں FIT-DNA کا نتیجہ خلاف معمول ہوگا لیکن فالو اپ قولونو اسکوپی کا نتیجہ نارمل ہوگا۔ خطرات اور فوائد پر اپنے فراہم کنندہ سے گفتگو کریں۔

## کون سی اسکریننگ جانچ آپ کے لیے ٹھیک ہے؟

**قولون کے کینسر کی اسکریننگ میں تفریقات**

| | قولونو اسکوپی | FIT* | HSgFOBT* | FIT-DNA* |
|---|---|---|---|---|
| **جانچ کا نتیجہ** | | | | |
| قولون کے کینسر کا پتہ چل سکتا ہے | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| قولون کے کینسر کو روک سکتا ہے | ✓ | * | * | * |
| اگر نتائج خلاف معمول ہوں تو فالو اپ جانچ (قولونو اسکوپی) مطلوب ہوتی ہے | – | ✓ | ✓ | ✓ |
| **جانچ کا عمل** | | | | |
| آپ یہ جانچ گھر پر کرتے ہیں | – | ✓ | ✓ | ✓ |
| آپ کو پاخانہ (فضلہ) کو ہاتھ لگانا ہوتا ہے | – | ✓ | ✓ | ✓ |
| آپ یہ جانچ سال میں ایک بار کرتے ہیں | – | ✓ | ✓ | – |
| آپ یہ جانچ ہر تین سال پر ایک بار کرتے ہیں | – | – | – | ✓ |
| آپ یہ جانچ ہر 10 سال پر ایک بار کرتے ہیں | ✓ | – | – | – |
| نگہداشت صحت فراہم کنندہ میڈیکل آفس یا ہسپتال میں یہ جانچ کرتا ہے | ✓ | – | – | – |
| ایک دن قبل خصوصی خوراک مطلوب ہوتی ہے | ✓ | – | – | – |
| چند دن پہلے سے خوراک سے متعلق پابندیاں مطلوب ہوسکتی ہیں | – | – | ✓ | – |
| عموماً پہلے انیستھیسیا شامل ہوتا ہے | ✓ | – | – | – |
| قولون کے اندر دیکھنے کے لیے ایک طریقہ کار ہے | ✓ | – | – | – |
| شاذ و نادر پیچیدگیوں جیسے قولون کی سفتہ کاری یا جریان خون کا خطرہ شامل ہوتا ہے | ✓ | * | * | * |
| ہمراہی میں گھر جانا ہوتا ہے | ✓ | – | – | – |

(جانچ کی قسم)

*اگر اس جانچ میں خلاف معمول نتائج نظر آتے ہیں تو قولونو اسکوپی کے ذریعے مزید جانچ درکار ہوتی ہے۔ اگر فالو اپ قولونو اسکوپی سے خلاف معمول افزائش یا رسولی کا پتہ چلتا ہے تو انہیں نکالنے سے کینسر کو روکنے میں مدد مل سکتی ہے۔

**تعریفات:**

FIT = فیسل امیونو کیمیکل ٹیسٹ
HSgFOBT = ہائی سینسیٹویٹی گائیک بیسڈ فیسل آکلٹ بلڈ ٹیسٹ
FIT-DNA = ملٹی ٹارگیٹ اسٹول DNA ٹیسٹ

**قولون کے کینسر کی جانچ کہاں کروائیں:** اسکریننگ کا شیڈول طے کرنے کے لیے اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں۔

**ادائیگی:** بیشتر بیمہ پلانز، بشمول Medicaid اور Medicare، قولون کے کینسر کی اسکریننگ کا احاطہ کرتے ہیں۔ تاہم، کوریج مختلف ہو سکتی ہے۔ اپنی اسکریننگ ٹیسٹ سے قبل کوریج کے بارے میں اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ اور بیمہ دہندہ سے معلوم کریں۔ اگر آپ کے پاس بیمہ نہیں ہے تو آپ کم یا بلا قیمت کوریج کے لیے سائن اپ کرنے کی خاطر اہل ہو سکتے ہیں۔ آپ **311** پر کال کر کے پلان کے لیے سائن اپ کرنے میں مفت اعانت حاصل کر سکتے ہیں۔

**بغیر بیمہ والے نیو یارک کے باشندے کم یا بلا قیمت اسکریننگ کے اہل ہو سکتے ہیں۔**

**قولون کے کینسر اور اسکریننگ کے اختیارات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے nyc.gov/health ملاحظہ کریں اور "colon cancer" (قولون کا کینسر) تلاش کریں۔**